دُعاؤں اور وظائف سے

گھریلو پریشانیوں کا حل

سیّد ذیشان نظامی عفی عنہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دعاؤں اور وظائف سے

گھریلو پریشانیوں کا حل

SOLUTION OF APPREHENSIONS

عربی • اردو • انگلش

سید ذیشان نظامی عفی عنہ

042-37233585 الحمد مارکیٹ اردو بازار لاہور۔ فون:
E-mail: duapublications@yahoo.com

"اے رب! میرے علم میں اضافہ فرما"

ہماری کتابیں، معیاری کتابیں، پیاری کتابیں

اشاعت: اپریل ۲۰۱۱ء

نام کتاب: گھریلو پریشانیوں کا حل

مرتب: مولانا سیّد ذیشان نظامی عفی عنہ

انگلش: محترم پروفیسر محمد عدیل اقبال

نظرِ ثانی: محترم پروفیسر ملک محمد اشرف

اہتمام: گولڈسمتھ نظامی جیولرز اینڈ سنز

تعاون: محترم محمد اختر خان چیف ایڈمنسٹریٹر ہمدرد یونیورسٹی

کمپوزنگ: محترم محمد راشد حسین قادری رضوی پیر خانہ راجگان

ناشر: النور پبلی کیشنز، میر پور آزاد کشمیر

التماس: اللہ کے فضل وکرم اور مہربانی سے انسانی کوشش اور بساط کے مطابق کمپوزنگ طباعت اور پروف ریڈنگ اور جلد بندی میں ہر قسم کی احتیاط کی گئی ہے انسان ہونے کے ناطے اگر کوئی سہواً غلطی رہ گئی ہو یا صفحات درست نہ ہوں یا اس کتاب میں عربی، اردو، انگلش کی لفظی غلطیاں ہوں تو براہ کرم مہربانی فرما کر مطلع کریں۔ تاکہ اگلے ایڈیشن میں درستگی کی جا سکے۔ ناشر
جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا كَثِيْرًا

فہرس

عرضِ مرتب

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْكَرِیْمِ اَمَّا بَعْدُ!

تمام تعریفیں اُس پروردگار عالم اللہ ﷻ کے لئے ہیں جس کی قوت جس کا حکم وعلم واختیار وارادہ اس کائنات ہستی میں ہمیشہ سے جاری وساری ہے۔ وہ عزیز وکریم ہے حکیم وعلیم ہے۔ اللہ ﷻ کا کوئی کام حکمت، علم وبصیرت سے خالی نہیں ہے۔ اس کی ذات واحد بے مثل ہے۔ وہ واجب الوجود ہے اور حی القیوم ہے اور تمام کائنات ہستی کو قائم رکھے ہوئی ہے۔

حکماء میں ضرب المثل مشہور ہے کہ:

﴿العلم علمانِ علم الاحیان وعلم الابدان﴾

یعنی علم دو ہیں ایک ادیان کا علم اور دوسرا ابدان کا علم۔ اس موضوع کے پیش نظر قرآنِ حکیم واحادیث وآثار میں روحانی وجسمانی معالجات اور آزمودہ دعاؤں کو بیان فرمایا گیا ہے یقین کریں کہ زندگی وموت ہر دو حالتیں انسان کے ساتھ وابستہ ہیں۔ پروردگار عالم اللہ ﷻ نے حضرات انبیاء ورُسل علیہم السلام کے توسل سے انسانیت کی جسمانی وروحانی صحت وشفاء کا بندوبست بھی فرمایا۔ مختصر یہ کہ جہاں دُعا ہے تو وہاں دواء بھی ہے اور جہاں دواء ہے وہاں دُعا بھی ہے، دین اسلام نے دُعا اور دواء

کے روحانی اور مادی دونوں پہلوؤں کی اہمیت کو تسلیم کیا ہے اور پھر ان دعاؤں اور وظائف کی اُس صورت کو تسلیم کیا ہے جو ان پاکیزہ کلمات پر مشتمل ہوں جن میں شرک وبدعت کی آمیزش نہ ہو۔

کتاب ﴿گھریلو پریشانیوں کا حل﴾ کے مطالعہ سے آپ کو میری موجودہ کاوش کا بخوبی اندازہ ہو جائے گا۔ جس میں میں نے اعمال اور وظائف کو عربی اردو اور انگریزی میں بیان کیا ہے ان لوگوں کے لئے جو اردو سے آراستہ نہیں ہیں ان کی آسائش کے لئے میں نے اردو کے ساتھ انگریزی بیان کی ہے۔ کتاب ہذا کو ہر ممکن حد تک وسائل کے پیش نظر عمدہ طور پر شائع کرنے کی کوشش کی گئی ہے اس مہنگائی کے دور میں جبکہ ہر شے کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں ہیں کتب کو عمدہ خط اور کاغذ نیز عمدہ طور پر طباعت واشاعت سے آراستہ و پیراستہ کرنا نا ممکن نہیں تو کچھ معمولی بھی نہیں ہے۔ میں اللہ ﷻ کے حضور دُعا گو ہوں کہ وہ میری اس مخلصانہ کاوش کو ذخیرۂ عاقبت بنائے اور دنیا میں مجھے اور تمام مسلمانوں کو اس سے بہتر طور پر مستفید ہونے کا موقع عطا فرمائے اور اجر وثواب سے بہرہ اندوز فرمائے۔ آمین!

والسلام خیر التمام

سید ذیشان نظامی عفی عنہٗ

AUTHOR'S REQUEST

All praise to Almighty Allah, whose power, knowledge, authority, supremacy and influence is working in this entire universe. Who knows each and everything and acquainted as well.

Every practical of Almighty Allah's is done with absolute wisdom and insight. He is alive and present everywhere and the creator of everything in this universe.

It's a famous quote among wise people that ﴿العلم علمان علم الاديان وعلم الابدان﴾ It means that there are two kinds of knowledge, the first is (Adyan-Ka-Ilm) and the second is (Abdan-Ka-Ilm).

In this subject there is presented physical and spiritual treatment and valuable prayers (Dua's) in the light of Quran-E-Hakeem and Hadith.

You should believe that these are associated with both situations of human

being which are life and death.

Almighty Allah has provided us the way of survival to human being from the eternal life through instructions. Almighty Allah has also arranged the solutions of physical and spiritual problems of his people through Ambia-E-Karam علیہم السلام.

In short, the existence of pray (Dua) is available along with medicine (Dua'a) and the existence of medicine (Dua'a) is available along with pray (Dua).

Islam has accepted the materialistic and spiritual importance of prayers and medicine and also accepted the position of these Dua's and Wazaif which comprises with those "Pakeeza Kalmat" which are totally excluded from any prohibited practical and purely correct as well.

You may easily asses my recent efforts through this book "Solution of Apprehensions". In which I have described the wazaif in Arabic, Urdu and English as well. I have translated this book in English for those who can not read Urdu. In this luxurious era where the price of everything is far above the ground and if the publication

of this book is not impossible then it is also not so much easier as well.

I pray to Almighty Allah to make my sincere efforts beneficial for my eternal life and for all the Muslims to get benefit from my book. Ameen Sum-Ameen!

Talib-E-Dua

Syed Zeeshan Nizami

قارئین کیلئے ضروری ہدایات

زندگی میں ہمیں کبھی خوشی ملتی ہے اور کبھی رنج، رنج اور پریشانی سے ہمیں بڑی تکلیف پہنچتی ہے اور ہماری یہ خواہش ہوتی ہے کہ کسی طرح یہ مصیبت اور پریشانی ہم سے ٹل جائے اللہ جل جلالہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اکابر (سلف صالحین) نے ایسی ہی پریشانی میں نجات کیلئے ہمیں بہت کچھ بیان فرمایا ہے۔

زیرِ نظر کتاب میں میں نے پریشانیوں کے حل کیلئے قرآن پاک کی دعائیں، احادیث مبارکہ اور اکابر کے چند اہم مجربات اور کچھ اپنے مجربات کو جمع کیا ہے جو تعویذ گنڈہ کرنیوالوں کے غلط عملیات سے بہت اعلیٰ و بالا ہیں۔ ان دعاؤں میں نہ ہی کسی چلہ کشی کی ضرورت ہے اور نہ ہی کسی قسم کی زکوٰۃ دینے کی ضرورت ہے۔ صوم و صلوٰۃ کی پابندی جھوٹ اور غیبت سے اجتناب کریں ہمیشہ کوشش کریں کہ باوضو رہیں اور وہ کام جو شرعاً

جائز ہو وہ کریں۔

جو کام اللہ عزوجل اور اُس کے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منع فرمائے ہوئے ہیں وہ نہ کریں۔ صرف صدق، یقین کامل ایمان اور توجہ کی ضرورت ہے اور اللہ عزوجل سے عاجزانہ دعاؤں کی ضرورت ہے۔ جب آپ حضرات ان باتوں کو اپنے اوپر سچے دل سے طاری کر کے ان دعاؤں اور وظائف میں سے کوئی دعا یا وظیفہ کریں گے تو ان شاء اللہ عزوجل آپ کی ہر جائز حاجت پوری ہوگی جس کے لئے آپ دعا یا وظیفہ کر رہے ہیں۔

میں نے مسلمانوں کی حالت زار اور ان کی گوناں گوں پریشانیوں کو دیکھ کر اور جھوٹے اور دھوکے باز عاملوں سے بچنے کیلئے اس مجموعہ کو مرتب کرنے کی منجانب اللہ عزوجل کوشش کی ہے قارئین کو چاہیے کہ وہ اپنی پریشانیوں کے حل کیلئے ان دعاؤں اور وظائف کو پڑھیں۔ اگر مشکل کے حل ہونے میں کچھ تاخیر ہو جائے تو بددل ہو کر اللہ عزوجل کی بارگاہ میں ان دعاؤں کے مانگنے کو مت چھوڑیں اللہ عزوجل کو وہی بندہ پسند ہے جو اس کی بارگاہ سے وابستہ ہے۔

اجازت اور مشورہ کیلئے

میں نے اس کتاب ﴿گھریلو پریشانیوں کے حل﴾ میں ہر پریشانی کی آسان قرآنی دعائیں بحوالہ ترجمہ کے ساتھ لکھی ہیں جنہیں قارئین کو پڑھنے میں دشواری نہ ہوگی اس کے علاوہ میں نے اپنے بزرگوں کے کچھ مجربات کو شامل کیا ہے۔ جن کو کرنے کی ہر خاص و عام کو اجازت ہے۔ ضروری بات یہ ہے کہ وظائف کو پڑھتے ہوئے قرآنی آیات کے اعراب اور معنی کا خاص طور پر خیال رکھیں۔ اگر قارئین کو کوئی دعا یا وظیفہ سمجھ میں نہ آئے یا کرنے میں دشواری پیش آئے تو وہ مجھ سے اس پتہ پر رابطہ کریں۔

والسلام

سید ذیشان نظامی عفی عنہ

نزد انکم ٹیکس آفس سول لائن جہلم

0544-623643......0300-5421086

www.zeeshannizami.com

Email: syedzeeshannizami@yahoo.com

AUTHOR'S APPEAL

Sometimes we get pleasure and sometimes we are worried in life. Indeed, in worries we feel so much pain and try our best to tackle the worry. Almighty Allah, Prophet Muhammad ﷺ and Akabars have described the solutions of such worries and tensions.

In this book I have suggested the solutions of tension in the light of Dua's of Holy Quran, Hadith Mubarka, and the collections of Akabar's Mujarbat. Which are superior and useful as compared to "Taveez ganda". In these dua's there is no need of chila kashi and zakat.

But be punctual of Som-O-Salat, avoid

telling lies and backbiting. Always remain in ablution (Ba-Wazoo) and perform those activities which are good, correct and valid. Those practices which are refused by Almighty Allah and His Beloved Prophet Muhammad ﷺ must be avoided.

There is only the need of accuracy, perfect believe, deliberation and humble prays (Dua's) to Almighty Allah. When you will implement following practices and perform any pray (Dua) or wazifa then Inshah Allah your each and every desire (Hajat) will come true.

I have observed the critical circumstances of Muslims, their worries, and wrong practices of liars and cheating Aamil. Therefore, I have tried to set this worthless collection by the grace of Almighty Allah.

Readers should read these wazaif for their tensions and worries, in case of any delay regarding the solution of tensions and worries. Do not be disheartened and never try to leave these dua's to

Almighty Allah. Almighty Allah likes those persons who keeps in touch or remains engage with their DUA's.

For Permission

I have written different Qurani Dua's with translation and proper references in this book. Some of those are added from the mujarbat of my ancestors, which are allowed to every one and special person. On the other hand, if the reader is unable to understand any dua or wazifa then he may contact me on the following address.

W-Salam

Syed Zeeshan Nizami

Near Income Tax Office
Civil Lines, Jhelum

0544-623643............0300-5421086

www.zeeshannizami.com

syedzeeshannizami@yahoo.com

مصیبت یا حادثہ کے وقت کی دعا

PRAY (DUA) FOR THE TIME OF TENSION OR ACCIDENT

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے مجھ سے ارشاد فرمایا اے علی! میں تم کو وہ دعا نہ سکھا دوں جب تم کسی مصیبت میں گرفتار ہو تو پڑھو میں نے کہا اللہ جل جلالہ مجھے آپ ﷺ پر فدا کرے۔ کیوں نہیں آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا جب تم کسی حادثہ میں گرفتار ہو تو یہ دعا پڑھو اللہ جل جلالہ نے چاہا تو ہر قسم کی بلا دور ہو گی۔

It has been proved from Hazrat Ali رضی اللہ عنہ that Prophet Muhammad ﷺ said, Ali! I teach you a dua whenever you face any tension then recite it. I said may Almighty Allah sacrifice me on Prophet Muhammad ﷺ. Why not, Prophet Muhammad ﷺ said wh[illegible] you face any accident then recite the following dua If Almighty Allah wants then each and every problem will be solved.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

﴿لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ﴾

ترجمہ: اللہ ﷻ کے نام سے شروع جو نہایت رحم کرنے والا بڑا مہربان ہے کوئی حیلہ وقوت وطاقت نہیں سوائے اللہ ﷻ کے جو بلند عظیم الشان مرتبہ والا ہے۔

﴿عمل الیوم واللیلۃ ص: ۲۰۷ باب مایقول اذا وقع فی ورطۃ رقم ۳۳۶﴾

فائدہ: مصیبت اور حادثہ سے محفوظ رہنے کیلئے اس دعا مبارک کو سات بار روزانہ تلاوت کریں اول وآخر تین بار درود شریف پڑھیں۔

BENEFIT:

To remain safe from tension and accident recite this dua 7 times in a day and recite darood shareef 3 times in the beginning and ending.

.......☆.......☆.......

نورانیت حاصل کرنے کیلئے

TO GET LIGHT/ BEAUTY

دل میں اور چہرے پر نور پیدا کرنے کیلئے روزانہ اکیس مرتبہ یہ آیات مبارکہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں اول وآخر درود ابراہیمی تین بار پڑھیں۔ اور دعا کریں اس عمل کو تین ماہ تک جاری رکھیں

ان شاء اللہ عزوجل آپ کا دل اور چہرہ خوب نورانی ہو جائے گا۔

To create light/ beauty over face and heart recite this Ayat 21 times in a day and recite darood-e-ibrahimi three times in the beginning and ending. Then pray to Almighty Allah and keep this practice continue for three months. Inshah Allah your heart and face will be enlightened.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ
نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ
اَلْمِصْبَاحُ فِىْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ
كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّىٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ
مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ
يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِىْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ
نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِى اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ
يَّشَآءُ ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ
لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ ۙ﴾

﴿پارہ نمبر 18، سورۃ النور، آیت نمبر 35﴾

☆ ☆

بیماری کے علاج کیلئے

FOR THE TREATMENT OF ILLNESS / DISEASE

اگر گھر کا کوئی مرد، بچہ یا بچی، بزرگ بیمار رہتا ہو، یا کمزور ہو رہا ہو، سوکھتا چلا جاتا ہو اور بظاہر کوئی بیماری بھی نہ نظر آئے تو اوّل و آخر سات مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں اور درمیان میں ﴿۱۴۱﴾ مرتبہ اس آیت مبارکہ کو اکتالیس دن تک پڑھیں۔ ان شاء اللہ عزوجل ہر بیماری سے شفا نصیب ہوگی۔

If a male, child or an aged person remains sick or becoming weak and his/her physical appearance does not show any illness then recite darood-e-ibrahimi seven times in the beginning and ending and in the middle recite this Ayat 141 times for 41 days. Inshah Allah each and every disease will be finished.

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

﴿وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوۡسُفَ فِى الۡاَرۡضِ‌ ۚ يَتَبَوَّاُ مِنۡهَا حَيۡثُ يَشَآءُ‌ ؕ نُصِيۡبُ بِرَحۡمَتِنَا مَنۡ نَّشَآءُ‌ وَلَا نُضِيۡعُ اَجۡرَ الۡمُحۡسِنِيۡنَ ۝﴾

﴿پارہ نمبر 13، سورۃ یوسف، آیت نمبر 56﴾

حاملہ عورت کی حفاظت کیلئے

FOR THE SECURITY OF PREGNANT LADY

حضرت مولانا شاہ عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک مجلس میں بیان کیا ہے کہ بعض لوگوں نے مجھ سے دریافت کیا تھا کہ حفاظتِ حمل کے لئے بہترین عمل کیا ہے مجھے میرے بزرگوں سے معلوم ہوا تھا کہ جو شخص یہ آیات مبارکہ:

Hazrat Molana Shah Abdul Baqi رحمۃ اللہ علیہ said in a gathering (Majlis) that, some people discovered from me the best practice for the security of pregnant lady (upcoming baby). I found from my elders that whoever person recites this Ayat over water and will give this water to any pregnant lady to drink then her pregnancy (upcoming baby) will remain safe.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ

الْعَلِيْمُ ○ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ اِنِّیْ وَضَعْتُهَآ اُنْثٰی وَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ وَ لَيْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰی وَ اِنِّیْ سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَ اِنِّیْٓ اُعِيْذُهَا بِكَ وَ ذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّ اَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا وَّ كَفَّلَهَا زَكَرِيَّا كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا قَالَ يٰمَرْيَمُ اَنّٰی لَكِ هٰذَا قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ○

﴿پارہ ۳ سورۃ آل عمران آیت ۳۵/۳۶/۳۷﴾

پانی پر دم کر کے حاملہ عورت کو پلائے گا تو حمل قائم رہے گا اور بزرگوں نے یہ بھی لکھا ہے کہ ان آیتوں کو گلاب اور زعفران سے لکھ کر حاملہ عورت کے داہنے بازو پر باندھ دیں تو ان شاء اللہ عزوجل وہ آفات ارضی و سماوی سے محفوظ رہے گی۔

﴿بیاض اولیاء﴾

It has also been written by elders that write these ayaat with Gulab (Rose) and Zafran and place it on the right arm of pregnant lady. Then Inshah Allah she will become completely secure from each and every disaster.

......☆......☆......

شادی کے مسئلوں کیلئے

FOR THE PROBLEMS OF MARRIAGE

اگر کسی نے رشتوں کی بندش لگا دی ہو اور لڑکا لڑکی کی عمر گزرتی جارہی ہو جہاں بات ہو وہاں انکار ہو جاتا ہو یا پھر رشتے نہ آتے ہوں اگر آتے ہوں تو واپسی جواب نہ ملتا ہو تو ایسی صورت میں ﴿سورۃ والتین﴾ مکمل روزانہ باوضو اکتالیس مرتبہ بعد نماز فجر پڑھیں اور اپنے مقصد کی دعا کریں چالیس دن عمل کریں۔ ان شاء اللہ عزوجل چالیس دن کے اندر اندر رشتوں کی بندش ختم ہو کر اچھے رشتے کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

If there is any problem in marriage and the age of boy/girl is passing

through where marriage is settled and then it breaks. In such situation recite complete (Surat Watteen) daily for 41 times (ba-wazoo halat mein) after Fajar Prayer and then pray for your motive and keep this practice continue for 40 days. Inshah Allah all such problems will be solved and marriage will successfully be settled within 40 days.

......☆......☆......

جامع استغفار

COMPREHENSIVE PRACTICE(ASTAGHFAR)

شداد بن اوس رضی اللہ عنہ نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ استغفار نقل کیا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے سید الاستغفار فرمایا ہے:

Shadad bin os رضی اللہ عنہ copied this practice from Prophet Muhammad صلی اللہ علیہ وسلم and declared it as Sayed-Al-Astaghfar.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِىْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰى

عَهْدِكَ وَ وَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ

اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَاصَنَعْتُ اَبُوْٓءُ لَكَ

بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَ اَبُوْٓءُ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْلِيْ

فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ﴾

ترجمہ: ''اے اللہ ﷻ تو ہی میرا پروردگار ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو نے مجھے پیدا کیا میں تیرہ بندہ ہوں اور تیرے عہد و پیمان پر قائم ہوں جو کچھ میں نے کیا ہے اس کی بُرائی سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور جو مجھ پر انعام کیا ہے اس کا اقرار کرتا ہوں اور اپنے گناہ کا معترف ہوں پس تو میری مغفرت فرما کیونکہ تیرے سوا اور کوئی گناہ کو بخش نہیں سکتا''۔

﴿صحیح بخاری شریف الدعوات باب افضل الاستغفار حدیث:۶۳۰۶﴾

فائدہ: کلمات استغفار میں یہ نہایت ہی جامع اور مستند ہے آپ ﷺ نے اسے سید الاستغفار سے موسوم کیا ہے ہر شخص یاد کرے اور صبح و شام اس کے پڑھنے کا التزام رکھے۔

﴿رحمۃ اللعالمین ﷺ کی دعائیں﴾

BENEFIT:

In Kalmat-E-Astaghfar this is so much comprehensive and authentic. He

declared it as Sayed-Al-Astaghfar everybody should remember and recite in morning and evening.

......☆......☆......

آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کے پسندیدہ استغفار

FAVOURITE ASTAGHFAR OF PROPHET MUHAMMAD ﷺ

﴿رَبِّ اغْفِرْ وَ ارْحَمْ وَ اَنْتَ خَیْرُ الرَّاحِمِیْنَ﴾

ترجمہ: یارب معاف فرما اور رحم فرما تو سب سے زیادہ رحم فرمانے والا ہے۔

﴿اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ﴾

ترجمہ: میں اللہ عزوجل سے ہر گناہ کی معافی مانگتا ہوں اور اسی کی طرف پلٹتا ہوں۔

﴿اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَ ارْحَمْنِیْ﴾

ترجمہ: "اے اللہ عزوجل مجھے معاف فرما اور مجھ پر رحم فرما"۔

﴿اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ﴾

ترجمہ: "اے اللہ عزوجل بے شک تو معاف کرنے والا معافی کو پسند کرتا ہے اس لئے مجھے معاف فرمادے"۔

﴿مالی پریشانیوں کا نبوی علاج ص:۱۳۴﴾

فائدہ: آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی ان مبارک دعاؤں کو ہمیں اپنی ہر دعا میں مانگنا چاہیے۔

BENEFIT:

In such blessed prays (Dua's) of Prophet Muhammad ﷺ we should perform this pray in our each and every pray (Dua).

......☆......☆......

مصیبت کے حل کیلئے

FOR THE SOLUTION OF TENSION:

مصائب اور غم انسانی زندگی کا لازمی حصہ ہیں اگر مصیبت کے وقت اللہ عزوجل کی رحمت شامل حال ہو جائے تو مصیبت بہت جلد رفع ہو جاتی ہے۔ اس مقصد کے لئے اس دعا کا ورد انتہائی اکسیر ہے لہٰذا اگر کسی شخص پر اچانک مصیبت آجائے اور اس سے خلاصی کا کوئی راستہ نظر نہ آتا ہو تو مصیبت زدہ کو چاہیے کہ وہ نماز تہجد ادا کرے اور اس کے بعد اس دعا کو ﴿۳۱۳﴾ مرتبہ اکیس یوم تک پڑھے اور اللہ عزوجل سے مصیبت سے نجات کی دعا مانگے۔ ان شاءاللہ عزوجل مصیبت سے نجات حاصل ہو جائے گی۔

Tensions and sorrows are an important part of everyone's life. If the blessings of Almighty Allah includes at the time of tensions and sorrows then

such tensions or sorrows can shortly be resolved. For this purpose recitation of this dua is extremely beneficial. Therefore, if a person becomes the victim of sudden tension and he finds no way to tackle such tensions then he should offer Nimaz-E-Tahajud after this he should recite this dua 313 times for 21 days and then pray to Almighty Allah. Inshah Allah all such tensions will be solved.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿لَا مَلْجَاءَ وَلَا مَنْجَاءَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ﴾

......☆......☆......

مشینی اور ایٹمی دور کا جامع عمل

COMPREHENSIVE PRACTICE OF MECHANICAL AND ATOMIC ERA

اگر آپ کو اس مشینی دور میں طویل اور لمبے عمل کرنے کی فرصت نہ ملے تو نماز فجر کے بعد مندرجہ ذیل مختصر وظائف کو اپنا معمول بنالیں ان شاء اللہ عزوجل زندگی امن وچین اور حفظ وامان

سے گزرے گی۔ اس عمل کے اول و آخر گیارہ بار درود ابراہیمی لازمی پڑھیں۔ پریشانیوں، تکلیفوں، مصیبتوں، سے محفوظ رہیں گے۔ یہ وظائف حضور اکرم ﷺ کی زبان مبارک سے نکلے ہیں۔ جو کہ مشکوۃ شریف میں موجود ہیں:

If you do not have ample time for long practices in this mechanical and atomic era then recite following wazaif after Nimaz-E-Fajar on daily basis. Inshah Allah your life will become completely peaceful and satisfactory. In the beginning and ending of this practice must recite Darood-E-Ibrahimi 11 times. You will remain safe from problems, tensions and sudden disasters. These wazaif are done by our beloved Prophet Muhammad ﷺ and are available in Mashkaat-E-Shareef.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الْغَفُوْرُ﴾ ﴿۱۰۰بار﴾

﴿اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ.........................﴾ ﴿۱۰۰بار﴾

﴿لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ.................﴾ ﴿۱۰۰بار﴾

﴿سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ﴾ ﴿۱۰۰بار﴾

﴿حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ﴾ .... ﴿۱۰۰ بار﴾

﴿يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ﴾ ...... ﴿۱۰۰ بار﴾

﴿يَاذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ﴾ .... ﴿۱۰۰ بار﴾

﴿صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَ سَلَّمَ﴾ ﴿۱۰۰ بار﴾

نوٹ: - یہ وظائف اس نیت سے پڑھا کریں کہ اے اللہ جل جلالہ میرے گناہوں کو بخش دے مجھے غموں اور پریشانیوں سے نجات دے اور مجھے مصائب و بلیات، حادثات و آفات اور حاسدوں و دشمنوں کے شر سے بال بال محفوظ رکھے۔ مجھے رزق حلال دے اور میری دنیا و آخرت دونوں سنوار دے۔

﴿رحمت عالم ﷺ کی دعائیں﴾

NOTE: Read these wazaif with this frame of mind that may Almighty Allah absolve my sins and secure myself from tensions, problems, accidents, enemies and disasters and provide us right way of earning and make life better in this world and in the last world.

شادی کیلئے وظیفہ

WAZIFA FOR MARRIAGE

جس لڑکے یا لڑکی کے لئے رشتہ نہ ملتا ہو یا رشتے کی بات چل کر ختم ہو جاتی ہو یا رشتے کا پیغام آتا ہو لیکن مناسب بات نظر نہ آتی ہو تو اس صورت میں لڑکے یا لڑکی کے گھر والوں کے کچھ افراد گھر میں عشاء کی نماز کے بعد پاکیزہ کپڑے پہن کر قبلہ رو ہو کر بیٹھیں اور ﴿سورۂ یٰسین﴾ کو مجموعی طور پر اکتالیس بار پڑھیں اور اس کے بعد اللہ ﷻ کے اسم جبروت درج ذیل کو مل کر سو کی تعداد میں پڑھیں۔ بعد ازاں اللہ ﷻ سے دعا مانگیں تو اللہ ﷻ کے فضل و کرم سے لڑکے یا لڑکی کی قسمت کھل جائے گی اور جلد ہی کسی اچھی جگہ پر رشتہ طے ہو جائے گا اس عمل کو سات یوم تک کریں۔ اوّل و آخر حسب ذیل درود شریف سات مرتبہ پڑھیں۔

If there is any problem in marriage and the age of boy/girl is passing through where marriage is settled and then it breaks. In such situation some of the family members of girl or boy need to sit at the right direction of Kibla and recite (Surat Yaseen) 41 times after Isha

Prayer. This practice must be done in neat and clean dress. After this read Almighty Allah's Ism-E-Jabroot 100 times.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿يَا كَرِيْمُ تَكَرَّمْتَ بِالْكَرَمِ وَالْكَرَمُ فِىْ كَرَمِكَ يَا كَرِيْمُ﴾

After this pray to Almighty Allah Inshah Allah with the blessings of Almighty Allah marriage of girl or boy will be settled at an ideal place. Keep this practice continue for 7 days. Recite Darood-E-Shareef seven times in the beginning and ending.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى حَبِيْبِكَ الْمُصْطَفٰى وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ﴾

﴿درود شریف سے پریشانیوں کا حل﴾

☆.........☆.........

محبت کیلئے وظیفہ

WAZIFA FOR LOVE

جس شخص کے دل میں اپنی جائز محبت ڈالنی ہو یا جس خاندان میں نااتفاقی ہوتو اتفاق پیدا کرنے کیلئے یہ آیت مبارکہ ﴿۱۰۱﴾ مرتبہ روزانہ پڑھیں اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ بار پڑھیں اکیس دن تک نماز فجر کے بعد یہ وظیفہ کریں۔

ان شاءاللہ عزوجل نفرت محبت میں بدل جائے گی۔

If a person wants to create love in the heart of other person or if there is a situation of disagreement in a family then recite this Ayat-E-Mubaraka 101 times daily and recite Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending and keep this practice continue for 21 days. This practice must be done after Nimaz-e-Fajar. Inshah Allah hate will be turned into love.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ۭ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝﴾

﴿پارہ نمبر 10، سورۃ الانفال، آیت نمبر 63﴾

تکبر سے بچنے کا وظیفہ

WAZIFA FOR THE SURVIVAL OF ARROGANCE / SUPERIORITY

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے مغرور لوگوں کے شر سے پناہ مانگی تو اللہ تعالیٰ نے مخالفین میں سے ان کا حمایتی پیدا کر کے آپ علیہ السلام کی اس آیت مبارکہ سے اعانت فرمائی۔ تکبر جیسی بُری عادت سے بچنے کیلئے اس آیت مبارکہ کو ہر روز کسی وقت بھی اکتالیس بار ضرور تلاوت کریں اول و آخر تین بار درود ابراہیمی لازمی پڑھیں۔ بعد میں تکبر جیسی بُری عادت سے بچنے کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور اسی آیت مبارکہ کے واسطہ سے دعا مانگیں۔

Hazrat Musa علیہ السلام requested for help from those people who are over confident / proud people then Almighty Allah helped Hazrat Musa علیہ السلام through this Ayat-E-Mubarka. For the survival from pride/ proud people must recite this Ayat 41 times any time in a day and recite Darood-E-Ibrahimi 3 times in the beginning and ending. After such practice pray to Almighty Allah.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

﴿اِنِّیۡ عُذۡتُ بِرَبِّیۡ وَرَبِّکُمۡ مِّنۡ کُلِّ مُتَکَبِّرٍ لَّا یُؤۡمِنُ بِیَوۡمِ الۡحِسَابِ ۝﴾

ترجمہ: ''شروع اللہ ﷻ کے نام سے جو رحم کرنے والا اور مہربان ہے۔''

''بے شک میں ہر اس متکبر سے جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتا اپنے اور تمہارے رب کی پناہ لیتا ہوں۔''

﴿پارہ:۲۴، سورۃ المومن آیت:27﴾

......☆......☆......

ظالم شخص سے بچنے کیلئے

FOR THE SURVIVAL OF CRUEL PERSON

ظالم کے ظلم سے نجات کیلئے گیارہ دن تک روزانہ تین سو تیرہ مرتبہ اس آیت کا پڑھنا فائدہ مند ہے۔ یاد رہے کہ یہ آیت بڑی جلالی ہے کسی ناجائز مقصد کیلئے پڑھنا اپنا نقصان خود کرنا ہے صرف انتہائی مشکل حالت میں دشمن کے ظلم سے نجات کیلئے پڑھیں۔

For the survival from cruel person recitation of this Ayat 313 times for 11

days is beneficial. keep in mind that, this Ayat is so much supreme that's why recitation of this Ayat for any illegal motive is absolutely harmful. This Ayat only be recited in very tough/ hard time.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

﴿فَقُطِعَ دَابِرُ الۡقَوۡمِ الَّذِیۡنَ ظَلَمُوۡا ؕ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۝﴾

﴿پارہ نمبر 7، سورۃ الانعام، آیت:45﴾

......☆......☆......

بچے کی پیدائش کیلئے

FOR THE BIRTH OF CHILD

بے اولاد جوڑے اکیس دن تک تین سو تیرہ مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے میاں بیوی دونوں کھائیں۔ اللہ ﷻ کے فضل و کرم سے صالح اولاد پیدا ہوگی۔

اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ بار لازمی پڑھیں۔

This Ayat is for those parents who are deprived from children. For the birth of a child recite this Ayat 313 times for 21 days over any sweet item/thing. It must

be eaten both husband and wife by the grace of Almighty Allah they will have a new baby. Recite Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۚ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۝﴾

﴿پارہ نمبر 6، سورۃ المائدہ، آیت: 17﴾

......☆......☆......

دشمن سے بچاؤ کیلئے

FOR THE SURVIVAL OF ENEMY

دشمن سے کسی قسم کا خوف ہو یا نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو اس آیت کو روزانہ ﴿۱۰۱﴾ مرتبہ پڑھ لیں، ان شاء اللہ عزوجل دشمن کے شر سے ہر طرح سے محفوظ رہیں گے اوّل و آخر درود ابراہیمی تین بار ضرور پڑھیں۔

If there is any risk or danger from enemy then recite this Ayat 101 times in a day. Inshah Allah you will completely

be secured from every enemy must recite Darood-E-Ibrahimi 3 times in the beginning and ending.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

﴿قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰنَا ۚ وَ عَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝﴾

﴿پارہ نمبر 10، سورۃ التوبہ، آیت نمبر 51﴾

......☆......☆......

اللہ عزوجل کی رحمت کیلئے

FOR THE BLESSINGS OF ALMIGHTY ALLAH

اللہ عزوجل کی رحمت کے حصول کیلئے یہ آیت صبح و شام ﴿11﴾ مرتبہ روزانہ پڑھیں اور اللہ عزوجل کا شکر ادا کریں اول و آخر درود ابراہیمی تین بار پڑھیں اس عمل پر مداومت رکھنے سے ان شاءاللہ عزوجل ہر کام میں اللہ عزوجل کی رحمت نظر آئے گی اللہ عزوجل کا بندہ خاص بننے کیلئے بھی اس آیت مبارکہ کا وظیفہ بہت ہی مجرب ہے۔

For the blessings of Almighty Allah recite this Ayat 11 times in morning and

evening and say many thanks to Almighty Allah. Recite Darood-E-Ibrahimi 3 times in the beginning and ending. Keep this practice continue Inshah Allah you will get the blessings of Almighty Allah.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

﴿قُلۡ اِنَّ الۡفَضۡلَ بِیَدِ اللّٰہِ ۚ یُؤۡتِیۡہِ مَنۡ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیۡمٌ ۙ ۝ یَّخۡتَصُّ بِرَحۡمَتِہٖ مَنۡ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰہُ ذُوالۡفَضۡلِ الۡعَظِیۡمِ ۝﴾

﴿پارہ نمبر 3، سورۃ آل عمران، آیت نمبر 73-74﴾

......☆......☆......

بیماریوں کے علاج کیلئے

FOR THE TREATMENT OF DISEASES

اگر کوئی ایسا مرض ہو گیا ہو جس سے ڈاکٹر و حکیم عاجز آ گئے ہوں تو اس وقت اس وظیفہ کو استعمال میں لائیں۔ یہ وظیفہ ہر قسم کی ظاہری و باطنی بیماری کے لئے مفید ہے۔

If there is a patient who's doctor is unable to treat him/her. Then use this wazifa this wazifa is beneficial for each and every disease/illness.

صبح کی نماز کے بعد اس وظیفہ کو پانچ سو ﴿۵۰۰﴾ بار اکیس ﴿۲۱﴾ دنوں تک تلاوت کریں پانی پر، یا دودھ پر یا شہد پر دم کریں اور مریض کو صبح نہار منہ استعمال کروائیں اگر ہو سکے تو مریض پر بھی دم کریں اور اللہ ﷻ کے حضور مریض کی صحت یابی کے لئے دعا کریں۔

After Fajar Prayer recite this wazifa over water or honey 500 times for 21 days and give it to the patient for drink in early morning and pray to Almighty Allah for the recovery from illness/ disease.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿يَا بَدِيْعَ الْعَجَآئِبِ بِالشِّفَآءِ يَا بَدِيْعُ﴾

وقت اور جگہ کی پابندی کریں اوّل و آخر درود ابراہیمی ﴿۱۱۔۱۱﴾ بار تلاوت کریں اور اپنے لئے یا جس کی بیماری کے لئے کرنا ہو تو اس کی بیماری کو ذہن میں رکھیں اور یوں عرض کریں کہ اے اللہ ﷻ! اس وظیفہ کے ذریعہ ہمیں اس بیماری سے شفاء حاصل ہو۔

﴿جسمانی بیماریوں کا روحانی علاج اسلامی وظائف، مجموعہ وظائف﴾

Be punctual of time and place and recite Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending. And keep yourself or patient in your mind and pray to Almighty Allah.

......☆......☆......

آمدنی میں اضافہ کیلئے

TO INCREASE EARNING/ INCOME

آمدنی میں اضافہ کیلئے بعد نماز فجر روزانہ اس آیت مبارکہ کو تین سو تیرہ بار اول و آخر درود ابراہیمی ۱۱ مرتبہ پڑھیں وظیفہ کے اختتام پر اللہ عزوجل کے حضور عاجزی اور انکساری کے ساتھ گڑگڑا کر دعا کریں۔

To increase earning/ income recite this Ayat-E-Mubarka 313 times after Fajar Prayer and recite Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending. At the end of this wazifa pray to Almighty Allah with full of humbleness.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُلَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ۝﴾

﴿پارہ نمبر 21، سورۃ العنکبوت، آیت نمبر 62﴾

سانپ اور بچھو سے بچاؤ کیلئے

FOR THE SURVIVAL OF SNAKE AND SCORPION

حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہم نے ذکر کیا کہ ہم لوگوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آگے ڈنگ ﴿بچھو، سانپ وغیرہ﴾ کی ایک جھاڑ کو پیش کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اجازت دی اور فرمایا یہ ایک عہد ہے جو سلیمان علیہ السلام نے ڈنگ مارنے والے جانوروں سے لیا ہے کہ وہ ﴿جانور﴾ ان کو ضرر نہ پہنچائیں گے وہ یہ ہے:

Hazrat Abdullah Bin Zaid رضی اللہ عنہم said that we people presented plenty of Snakes and Scorpions in front of Prophet Muhammad صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم then Prophet Muhammad صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم grant permission and said this is a promise (which is done by Hazrat Suleman علیہ السلام from harmful animals (Dang marne wale janwar) that they will perform no damage.That is:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ شَجَّةٌ قَرَنِيَّةٌ مِلْحَةٌ بَحْرِ قَفْطًا﴾

﴿عمل الیوم واللیلۃ ص:۳۳۵، رقم ۵۷۵، حصن حصین ص:۲۳۵﴾

اس حدیث کے روایت کرنے والے نے بیان کیا ہے کہ ہمارے ساتھ ایک آدمی تھا اس کو ﴿بچھو نے یا کسی اور چیز نے﴾ ڈس لیا چنانچہ یہ پڑھا گیا تو وہ بالکل صحیح سالم ہو گیا۔

نقصان سے بچاؤ کیلئے

FOR THE SURVIVAL OF DANGER/ RISK

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ جو شخص اس دعا کو صبح و شام تین بار پڑھ لے گا وہ جلنے ڈوبنے سے محفوظ رہے گا اور ولی اللہ حضرت عطاء رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ یہ شخص شیطان ظالم اور سانپ بچھو سے محفوظ رہے گا۔

Hazrat Ibn-E-Abbas رضی اللہ عنہم said that whoever person recite this Dua three times in morning and evening then he will become completely secure from each and every danger/ risk and Wali Allah Hazrat Attah رحمۃ اللہ علیہ added that he will also be secured from devil, cruel person, snake and scorpion.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿بِسْمِ اللّٰهِ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا يَسُوْقُ الْخَيْرَ اِلَّا اللّٰهُ بِسْمِ اللّٰهِ مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا يَصْرِفُ السُّوْٓءَ اِلَّا اللّٰهُ بِسْمِ اللّٰهِ مَاشَآءَ اللّٰهُ مَا

كَانَ مِنْ نِعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ بِسْمِ اللّٰهِ مَاشَاءَ اللّٰهُ لَا حَوْلَ وَ لَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ﴾

ترجمہ: اللہ عزوجل کے نام سے وہ جو چاہے بھلائی صرف اللہ عزوجل ہی لیکر آتا ہے اللہ عزوجل کے نام سے وہ جو چاہے برائی صرف اللہ عزوجل ہی دور کرتا ہے۔ اللہ عزوجل کے نام سے وہ جو چاہے جو کوئی نعمت ہے وہ اللہ عزوجل ہی کی طرف سے ہے اللہ عزوجل کے نام سے وہ جو چاہے کوئی طاقت و قوت نہیں بغیر اللہ عزوجل کے حکم کے۔

﴿اتحاف السادہ، ج:۴، ص:۳۷۹﴾

......☆......☆......

شادی کے لئے وظیفہ

WAZIFA FOR MARRIAGE

عشاء کی نماز کے بعد اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ بار اور ان اسماء مبارک کو اکیس دن تک بغیر ناغے کے گیارہ سو بار پڑھیں۔ ان شاءاللہ عزوجل شادی ہو جائے گی۔

After Isha Prayer recite this Isma Mubarak 1100 time for 21 consecutive days and recite Darood-E-Ibrahimi 11

times in the beginning and ending. Inshah Allah marriage will be setted.

﴿یَا اَللّٰہُ یَا مُعْطِیُ﴾

......☆......☆......

دوستی کرنے کیلئے وظیفہ

WAZIFA FOR FRIENDSHIP

جمعہ کے دن نماز جمعہ کے بعد اول آخر درود ابراہیمی سات بار اور ان اسماء مبارک کو تین سو تیرہ بار مطلوب کا تصور کر کے سات جمعوں تک پڑھیں۔

Recite this Isma Mubarak 313 times after Juma Prayer and Darood-E-Ibrahimi 7 times in the beginning and ending and keep this practice continue for 7 Fridays.

﴿یَااَللّٰہُ یَا جَامِعُ﴾

......☆......☆......

آمدنی میں اضافہ کیلئے وظیفہ

WAZIFA FOR EARNING/ FOR THE EXPANSION IN INCOME

نماز فجر کے بعد اور نماز اشراق سے پہلے ان اسماء مبارک کو رزق میں کشادگی کیلئے اول آخر درود ابراہیمی گیارہ بار کے پانچ

سو بار پابندی کے ساتھ بغیر ناغہ کئے اکیس دن تک پڑھیں۔
ان شاء اللہ عزوجل آمدنی میں اضافہ ہوگا۔

After Fajar Prayer and before Ishraq Prayer recite this Isma Mubarak 500 times for 21 consecutive days and recite Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending. Inshah Allah income will increase.

﴿یَافَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ﴾

......☆......☆......

کاروبار میں اضافہ کیلئے وظیفہ

WAZIFA FOR THE EXPANSION OF BUSINESS

نماز عصر کے بعد نماز مغرب سے پہلے ان اسماء مبارک کو تین سو تیرہ بار اول آخر درود ابراہیمی گیارہ بار کے اکتالیس دن تک پڑھنے سے کاروبار میں برکت اور اضافہ ہوتا ہے۔

After Asar Prayer and before Maghrib Prayer recite this Isma Mubarak 313 times for 41 days and recite Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending.

﴿یَافَتَّاحُ یَا بَاسِطُ﴾

بڑے عہدہ کیلئے وظیفہ

WAZIFA FOR HIGHER POSTS

بعد نماز فجر اول و آخر درود ابراہیمی اکیس بار اور ان اسماء مبارک کو تین سو تیرہ بار مقصد کو ذہن میں رکھتے ہوئے تلاوت کریں۔ اکتالیس دن تک اس وظیفے کو جاری رکھیں۔

After Fajar Prayer recite this Isma Mubarak 313 times for 41 days and recite Darood-E-Ibrahimi 21 times in the beginning and ending.

﴿یَا بَدِیْعُ یَا عَلِیُّ﴾

......☆......☆......

حاجت کیلئے وظیفہ

WAZIFA FOR NEED / WANT (HAJAT)

نماز چاشت پابندی کے ساتھ ادا کریں اور ان اسماء مبارک کو نماز ادا کرنے کے بعد اول آخر درود ابراہیمی گیارہ بار کے چار سو پچاس بار اکیس دن تک پڑھیں۔ ان شاء اللہ عزوجل حاجت پوری ہوگی۔

Offer Nimaz-e-chasht regularly and

after this, recite this Isma-e-mubarak 450 times for 21 days. Recite Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending. Inshah Allah need(Hajat) will come true.

﴿یَا جَلِیْلُ یَا عَزِیْزُ یَا مُعِزُّ﴾

......☆......☆......

لاپتہ/گمشدہ بچے کیلئے وظیفہ

WAZIFA FOR THE LOSS OF CHILD

جو بچہ لاپتہ یا غلام گھر سے بھاگ گیا ہو اس کو واپس لانے کیلئے ان اسماء مبارک کو ہر فرض نماز کے بعد اول و آخر درود ابراہیمی سات بار کے تین سو تیرہ بار تصور کے ساتھ پڑھیں۔ جب تک مقصد حاصل نہ ہو وظیفہ جاری رکھیں۔

If a child or slave runs away from home. For bringing him back recite Isma-e-mubarak 313 times after every farz Nimaz. Recite Darood-e-Ibrahimi 7 times in the beginning and ending. Keep this practice continue until you get success.

﴿یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ﴾

......☆......☆......

امتحان میں کامیابی کیلئے

FOR THE SUCCESS IN EXAMS

امتحان ہونے سے پہلے اور درمیان میں ان اسماء مبارک کو کثرت سے زبان پر جاری رکھیں ان شاء اللہ عزوجل امتحان میں آسانی اور کامیابی ہوگی۔

Before and after exam recite this Isma Mubarak plenty of times. Inshah Allah you will get success in exams.

﴿یَاعَلِیْمُ یَا خَبِیْرُ﴾

﴿اسماء الحسنٰی سے مشکلات کا حل﴾

......☆......☆......

اچھی صحت کیلئے

FOR GOOD HEALTH

جو مسلمان اس بات کا خواہشمند ہو کہ وہ مرتے دم تک صحت مند و تندرست رہے اور اُس کے جسم کے تمام اعضاء ٹھیک کام کرتے رہیں اُسے چاہیے کہ وہ روزانہ اس آیت مبارکہ کو اکتالیس بار اول و آخر درود ابراہیمی سات بار کے بلا ناغہ پڑھتا رہے اور اپنے اوپر دم کرتا رہے۔ ان شاء اللہ عزوجل صحت صحیح رہے گی۔

If a person wants to remain healthy till death then he should recite this Ayat-E-Mubaraka 41 times daily and Darood-E-Ibrahimi 7 times in the beginning and ending. Inshah Allah hé will remain healthy.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

﴿فَاَقِمۡ وَجۡهَكَ لِلدِّيۡنِ حَنِيۡفًا ؕ فِطۡرَتَ اللّٰهِ الَّتِىۡ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيۡهَا ؕ لَا تَبۡدِيۡلَ لِخَلۡقِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ الدِّيۡنُ الۡقَيِّمُ ۙ وَلٰـكِنَّ اَكۡثَرَ النَّاسِ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ۙ﴾

﴿پارہ نمبر 21، سورۃ الروم، آیت نمبر 30﴾

......☆......☆......

نئے کاروبار کی کامیابی کیلئے

FOR THE SUCCESS OF NEW BUSINESS

نیا کاروبار کرنے والے کاروبار کی کامیابی اور رزق کی فراوانی کیلئے اس آیت کو روزانہ ﴿۳۱۳﴾ مرتبہ اکیس دن تک پڑھیں اول وآخر درود ابراہیمی تین بار پڑھیں۔ ان شاء اللہ عزوجل کاروبار میں اضافہ ہوگا۔

For the success of new business recite this Ayat 313 times for 21 days and recite Darood-E-Ibrahimi 3 times in the beginning and ending. Inshah Allah new business will become successful.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

﴿لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الۡغَنِیُّ الۡحَمِیۡدُ ۝﴾

﴿پارہ نمبر 21، سورۃ لقمان، آیت نمبر 26﴾

......☆......☆......

حاجت کیلئے وظیفہ

WAZIFA FOR NEED (HAJAT)

یہ وظیفہ تجارت اور ترقی روزگار کے لئے عجیب تاثیر رکھتا ہے۔ ترکیب اس کی یہ ہے کہ:

﴿وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝﴾

ترجمہ: ”اور بیشک بعض پتھروں سے نہریں پھوٹ نکلتی ہیں، اور بیشک ان میں سے بعض پھٹ جاتے ہیں تو نکلتا ہے ان سے

پانی، اور ان میں سے بعض اللہ ﷻ کے ڈر سے گر پڑتے ہیں، اور اللہ ﷻ اس سے بے خبر نہیں جو تم کرتے ہو"۔

﴿پارہ نمبر 1، سورۃ البقرہ، آیت 74﴾

......☆......☆......

بیٹی کی شادی کیلئے وظیفہ

WAZIFA FOR THE MARRIAGE OF DAUGHTER

بعض اوقات بیٹی یا بیٹے کے لئے اچھے اور مناسب رشتے کا ملنا دشوار ہو جاتا ہے جس سے والدین کو سخت پریشانی ہوتی ہے اور نہ ہی کوئی شادی ہونے کا ذریعے بنتا ہوا نظر آتا ہے۔ ایسی صورت حال میں اللہ ﷻ کو اس آیت کے ذریعے پکارنا چاہیے بچے یا بچی کے لئے مناسب جگہ پر شادی کے لئے اس آیت مبارکہ کو عشاء کی نماز کے بعد روزانہ چالیس یوم تک ﴿۳۱۳﴾ مرتبہ پڑھا جائے اوّل و آخر درود ابراہیمی گیارہ بار پڑھیں اور روزانہ پڑھائی کے بعد اللہ ﷻ کے حضور دعا مانگی جائے۔ اگر اللہ ﷻ کو منظور ہوا تو بہت جلد بچے یا بچی کی شادی اچھی جگہ

ہونے کا ذریعہ پیدا ہو جائے گا۔ جب بچے یا بچی کی شادی ہو جائے تو والدین کو کچھ نوافل شکرانے کے طور پر پڑھنے چاہئیں اور اللہ ﷻ سے بچی یا بچے کے لیے زندگی میں بہتری پیدا ہونے کی توفیق مانگنی چاہیے کہ وہ اپنے گھر میں ہمیشہ خوش رہے۔

Sometimes son or daughter faces plenty of problems regarding his/ her marriage. That's why their parents get tensed as well. In such situation, after Isha Prayer recite this Ayat-E-Mubarka 313 times for 40 days. Recite Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending then go for pray to Almighty Allah. If Almighty Allah wants then the marriage of boy or girl will be settled. When boy or girl gets married then parents should offer thankful Nawafil and pray to Almighty Allah for the successful life of their children.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ﴾

ترجمہ: ”پاکی ہے اسے جس نے سب جوڑے بنائے ان چیزوں

سے جنہیں زمین اُگاتی ہے اور خود ان سے اور ان چیزوں

سے جن کی انہیں خبر نہیں۔"

﴿پارہ:23،سورۃ یٰسین آیت:36﴾

......☆......☆......

مریض کیلئے وظیفہ

WAZIFA FOR PATIENT

ہر قسم کے مریض کی شفایابی اور صحت کے لئے پہلے مریض کو وضو کروائیں اور اس کے بعد مریض کو پاک بستر پر سیدھا لٹادیں اور سات مرتبہ درود ابراہیمی اول و آخر پڑھیں اس کے درمیان ﴿سورۂ یٰسین اور سورۂ رحمٰن﴾ مریض کو بلند آواز سے پڑھ کر سنائیں اس دوران اگر مریض کو نیند بھی آجائے اور وہ سو بھی جائے تو کوئی حرج نہیں ان شاء اللہ عزوجل اس عمل کے بار بار کرنے سے مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

For the treatment of each and every patient he should perform ablution (wazoo) then he should laid straight over clean bed and then the other person should recite Darood-E-Ibrahimi seven times in the beginning and ending and in the middle recite (Surat Yaseen & Surat

Al-Rehman) in loud volume for patient. During this practice if the patient sleeps then it doest not matter as well. By following this practice again and again Insha Allah the patient will become healthy.

......☆......☆......

دین کی طرف راغب ہونے کیلئے

TO OBTAIN CONCENTRATION TOWARDS RELIGION

جو آدمی دین سے غافل ہو اور وہ سیدھے راستے سے بھٹک جائے یا بُرے افعال میں مبتلا ہو جائے تو اس کو پانی پر ﴿۱۰۱﴾ مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھ کر دم کر کے ﴿41﴾ دِن تک پلائیں۔ ان شاء اللہ عزوجل وہ شخص دین کی طرف راغب ہو جائے گا۔

If a person is not attached with religion and not following the right way of his religion then the other person should recite this Ayat-E-Mubarka 101 times over water and then it should be presented to this person for drink. Insha Allah he will obtain his concentration towards religion.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

﴿اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۚ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝﴾

ترجمہ: ”وہی لوگ اپنے ربّ کی طرف سے ہدایت پر ہیں، اور وہی لوگ کامیاب ہیں“۔

﴿پارہ نمبر 1، سورۃ البقرہ، آیت 5﴾

☆......☆......

غربت کا قرآنی علاج

QURANI TREATMENT FROM POVERTY

غربت دُور کرنے کیلئے یا کسی خاص چیز کے کھانے کی حاجت ہو تو یہ آیت مبارکہ ﴿۱۰۱﴾ مرتبہ پڑھیں اوّل و آخر درود ابراہیمی گیارہ بار تلاوت کریں دُعا پوری ہونے کے بعد اللہ ﷻ کا ضرور شکر ادا کریں۔ اس عمل کو جب تک حالات بہتر نہ ہوں جاری رکھیں۔

In order to control poverty or for the desire of any special thing to eat recite this Ayat-E-Mubarka 101 times and recite Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending. After completion of DUA (Pray) say many thanks to

Almighty Allah. Keep this practice continue until your circumstances becomes better.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

﴿رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ۝﴾

ترجمہ: "ہمارے رَبّ! ہم پر آسمان سے اخوان (کھانا) اُتار کہ ہمارے پہلوں اور پچھلوں کیلئے عید ہو اور تیری طرف سے نشان ہو اور ہمیں روزی دے، تو سب سے بہتر روزی دینے والا ہے"۔

﴿پارہ نمبر 7، سورۃ المائدہ، آیت نمبر 114﴾

......☆......☆......

شادی کا آزمودہ وظیفہ

USEFUL WAZIFA FOR MARRIAGE

جس شخص کی اولاد کا رشتہ نہ ہوتا ہو وہ اُٹھتے بیٹھتے اس آیت مبارکہ کا وِرد جاری رکھے۔ بیٹی یا بیٹا خود اس آیت مبارکہ کا روزانہ تین سو تیرہ بار وظیفہ کریں وظیفہ اکیس دن تک

جاری رکھیں اول و آخر درود شریف گیارہ بار پڑھیں۔ مزید معلومات اور راہنمائی کیلئے مصنف کی کتاب اسلامی وظائف کا انسائیکلوپیڈیا کا مطالعہ کریں۔

If a person is deprived from the marriage of his children then he should recite this Ayat-E-Mubarka every time. Son or daughter should recite this Ayat-E-Mubarka 313 times and keep this practice continue for 21 days. Recite Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending. For further information read author's book "ISLAMI WAZAIF".

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

﴿اَمَّنۡ يُّجِيۡبُ الۡمُضۡطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَ يَكۡشِفُ السُّوۡٓءَ﴾

ترجمہ: "یا وہ جو لاچار کی سنتا ہے جب اسے پکارے اور دور کر دیتا ہے بُرائی"

﴿پارہ نمبر 20، سورۃ النمل، آیت نمبر 62﴾

......☆......☆......

بے چینی کا حل

SOLUTION OF FRUSTRATION/ DISSATISFACTION

۱۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کرب کے وقت یہ دعا پڑھتے تھے۔

It has been proved from Hazrat Ibn-E-Abbas ﷺ that Prophet Muhammad ﷺ used to recite this dua at the time of distress:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ٥ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْاَرْضِ وَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ﴾

﴿صحیح بخاری و صحیح مسلم شریف﴾

۲۔ حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے ارشاد فرمایا کہ کیا میں تمہیں ایسے کلمات نہ سکھا دوں جو تم بوقت کرب کے پڑھا کرو۔ میں نے عرض کیا جی ہاں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

Hazrat Isma Bint-E-Amees رضی اللہ عنہا says that Prophet Muhammad ﷺ said to me that, I teach you such Kalmaat which you should recite at the time of distress/ grief/ agony.

I said Yes! Ya Rasool Allah ﷺ. Then Prophet Muhammad ﷺ said.

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

﴿اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّیۡ لَا اُشۡرِكُ بِهٖ شَيۡئًا﴾

﴿سنن ابوداؤد﴾

۳۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ:

جب کبھی مجھے کرب و بے چینی ہوئی تو جبرائیل علیہ السلام نے حاضر ہو کر کہا آپ ﷺ یہ پڑھیں:

Hazrat Abu Huraira رضی اللہ عنہ says that Prophet Muhammad ﷺ said then I felt distress/ grief/ agony then Hazrat Jibrail علیہ السلام appeared and said recite:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

﴿تَوَكَّلۡتُ عَلَى الۡحَيِّ الَّذِیۡ لَا يَمُوۡتُ

وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِیۡ لَمۡ يَتَّخِذۡ وَلَدًا وَّلَمۡ

یَکُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَکَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا﴾

﴿حاکم﴾

۴۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ دُعاءِ کرب یہ بھی ہے۔

It has been proved from Hazrat Abu Bakar رضی اللہ عنہ this is also a dua-e-karb.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

﴿اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ اَرْجُوْ فَلَا تَكِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ وَّاَصْلِحْ لِیْ شَانِیْ كُلَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ﴾

﴿ابن حبان﴾

فائدہ: ان دعاؤں کو جو شخص کرب و بے چینی میں مبتلا ہو تین بار پڑھے۔ ان شاء اللہ عزوجل پریشانی دور ہو گی اول و آخر درود شریف تین بار پڑھے۔

BENEFIT

A person who is the victim of distress/ grief/ agony should recite these DUA's three times. Insha Allah such problems will be solved recite Darood-E-Ibrahimi 3 times in the beginning and ending.

مدد اور کامیابی کیلئے

FOR HELP AND SUCCESS

مسلمانوں پر واجب ہے کہ تمام اُمور میں اللہ ﷻ پر توکل کریں۔ اس کے سوا کسی اور پر بھروسہ نہ کریں۔ مدد اور کامیابی اسی قوت والے کے ہاتھ میں ہے جو سب کا پیدا کرنے والا ہے۔ ہر جائز مراد کی تکمیل کیلئے اس آیت مبارکہ کو تین سو تیرہ بار ﴿۲۱﴾ دن تک پڑھیں۔ اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ بار پڑھیں ان شاءاللہ عزوجل جائز مراد ضرور پوری ہوگی۔

﴿پُرتاثیر دعائیں﴾

For each and everything (work) muslims should trust over Almighty Allah and do not trust anyone else. For the accomplishment of every valid desire recite this Ayat-E-Mubarka 313 times for 21 days. Recite Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending. Insha Allah each and every desire/ wish will come true.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّیْ

مُمِدُّكُم بِأَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِينَ ۝

ترجمہ: "جب تم اپنے رب سے فریاد کرتے تھے تو اس نے تمہاری (دُعا) قبول کرلی کہ میں تمہاری مدد کروں گا ایک لگاتار آنے والے فرشتے سے"۔

﴿پارہ نمبر 9، سورۃ الانفال، آیت نمبر 9﴾

......☆......☆......

پریشانی کے حل کیلئے دُعا

DUA FOR THE SOLUTION OF TENSION

اگر کوئی شخص پریشانی میں مبتلا ہو اور پریشانی کسی طرح دور نہ ہوتی ہو اور اس پریشانی کی وجہ سے طبیعت ہر وقت بے چین رہتی ہو تو مندرجہ ذیل دعا ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھ کر پریشان شخص اپنے لئے دُعا کرے۔

If a person is tensed and has no way out and feels distress/ dissatisfaction because of such tension recite the following DUA 3 times after every Nimaz and then pray to Almighty Allah.

اللہ ﷻ اس دعا کے طفیل پریشانی سے نجات عطا فرمائے گا

اِس دُعا کے بارے میں احادیثِ مبارک کی مشہور کتاب بخاری شریف میں وارد ہوا ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم سے مروی ہے آپ رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ کرب کے وقت حضور نبی اکرم نورِ مجسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس دُعا کو پڑھا کرتے تھے۔

Allah Almighty will solve his tensions it has also been described in a famous book of hadith Bukhari Shareef that Ibn-E-Abbas رضی اللہ عنہم proved that Prophet Muhammad صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم used to recite this DUA at the time of agony/ distress/ grief.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ﴾

﴿صحیح بخاری شریف﴾

ترجمہ: ”نہیں کوئی معبود سوائے اللہ عزوجل عظمت و بزرگی والے حلیم و بردبار کے، کوئی معبود نہیں سوائے اللہ عزوجل کے جو آسمانوں اور زمین کا رب ہے اور رب ہے عرش عظیم کا۔“

......☆......☆......

غم سے نجات کیلئے

FOR THE SURVIVAL OF SORROW

جو شخص ہر صبح و شام یہ کلمات سات سات مرتبہ پڑھے گا اللہ ﷻ اس کو دنیا و آخرت کے غم سے نجات دے گا۔ اول و آخر درود ابراہیمی تین بار پڑھے۔

﴿شرح اسماء الحسنٰی﴾

If a person recites these Kalmaat 7 times in morning and evening then he will get satisfaction from sorrows of this world and next world (eternal life). Recite Darood-E-Ibrahimi 3 times in the beginning and ending.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ﴾

﴿پارہ 11 سورۃ توبہ آیت نمبر 129﴾

☆......☆......

مسائل اور مشکلات کا حل

SOLUTION OF TENSIONS AND PROBLEMS

۱۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہم کو جب کوئی فکر و غم ہوتا تو آپ رضی اللہ عنہ یہ کلمات کہتے۔

Whenever Hazrat Ibn-E-Masood رضی اللہ عنہم faces any tension then he used to recite these Kalmaats:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

﴿یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ﴾

﴿ترمذی، نسائی، حاکم﴾

۲۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہم سے مروی ہے کہ فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جب کوئی بندہ غم و فکر کے وقت یہ دعا پڑھتا ہے تو اللہ جل جلالہ اس کے فکر کو دور کر دیتا ہے۔

It has been proved from Hazrat Ibn-E-Masood رضی اللہ عنہم that Prophet Muhammad صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم said whenever a person faces tensions then he should recite this DUA. Then Almighty Allah will solve his tensions.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

﴿اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ عَبۡدُكَ وَابۡنُ عَبۡدِكَ وَابۡنُ اَمَتِكَ نَاصِیَتِیۡ بِیَدِكَ مَاضٍ فِیَّ حُكۡمُكَ عَدۡلٌ فِیَّ قَضَاؤُكَ اَسۡاَلُكَ بِكُلِّ اسۡمٍ هُوَ لَكَ سَمَّیۡتَ بِهٖ نَفۡسَكَ اَوۡ اَنۡزَلۡتَهٗ فِیۡ كِتَابِكَ اَوۡ عَلَّمۡتَهٗ اَحَدًا مِّنۡ خَلۡقِكَ اَوِسۡتَاۡثَرۡتَ بِهٖ فِیۡ عِلۡمِ الۡغَیۡبِ عِنۡدَكَ اَنۡ تَجۡعَلَ الۡقُرۡآنَ رَبِیۡعَ قَلۡبِیۡ وَ نُوۡرَ صَدۡرِیۡ وَ جَلَآءَ حُزۡنِیۡ وَ ذَهَابَ هَمِّیۡ﴾

﴿حصن المسلم ص:۱۰۴، مسند احمد ۱/۳۹۱﴾

......☆......☆......

ننانوے بیماریوں کا علاج

TREATMENT OF 99 DISEASES

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جو شخص یہ پڑھے:

It has been proved from Hazrat Abu Huraira (RA) that whoever person recite this:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ﴾

اس کو ننانوے امراض سے شفا ہوتی ہے۔ جس میں سب سے ادنی غم ہے۔

﴿حاکم، طبرانی﴾

He will get the treatment of 99 diseases in which the lowest is sadness/ distress/ unhappiness.

......☆......☆......

بیٹی کی شادی کیلئے وظیفہ

WAZIFA FOR THE MARRIAGE OF DAUGHTER

اگر کسی لڑکی کیلئے رشتہ نہ آتا ہو یا آتا ہو لیکن پسند نہ آتا ہو تو اس مقصد کیلئے آپ روزانہ وقت اور جگہ کی پابندی کے ساتھ اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ بار پڑھیں اور درمیان میں ﴿۵۰۰﴾ مرتبہ اس آیت کو اور تین مرتبہ سورۃ الضحٰی کو پڑھیں اکتالیس دن تک یہ وظیفہ کریں ان شاء اللہ عزوجل اسی عرصے میں اچھا رشتہ ہونے کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

If there are some problems in the marriage of daughter or offer comes but she does not like such offers. Then recite this Ayat 500 times and (Surat Al-Zaha) 3 times for 41 days and recite Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending. Keep this practice continue for 41 days. Insha Allah during this period of time such problems will be solved.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿رَبِّ اِنِّیْ لِمَاۤ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ o﴾

ترجمہ: ”اے میرے پروردگار! بیشک جو نعمت تو میری طرف اُتارے، میں اس کا محتاج ہوں“۔

﴿پارہ نمبر 20، سورۃ القصص، آیت نمبر 24﴾

......☆......☆......

امیر ہونے کا وظیفہ

WAZIFA FOR RICHNESS

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ وہ نسل در نسل امیر رہے اور اس کی دولت کسی صورت میں ختم نہ ہو بلکہ بڑھتی رہے تو اس کے لئے یہ عمل بہت مؤثر اور پُر تاثیر ہے۔ عمل یہ ہے کہ بعد نماز فجر باوضو ﴿سورۃ بقرہ﴾ مکمل سورت روزانہ بلاناغہ پڑھتا رہے۔

ان شاء اللہ عزوجل دولت آنی شروع ہو جائے گی اور اس کا سلسلہ نسل در نسل چلے گا۔ اول و آخر درود ابراہیمی اکیس بار لازمی پڑھیں اور دولت کو بھی نیک کاموں میں خرچ کریں۔

﴿قلمی بیاض از حکیم یاسین رحمۃ اللہ علیہ﴾

If a person wants to become rich and desires plenty of wealth for his next generation then this practice is so much beneficial for him. Recite complete (Surat Baqra) after Fajar Prayer daily. Insha Allah wealth will start to come and the same sequence will continue for his next generation. Must recite Darood-E-brahimi 21 times in the beginning and ending and spend wealth for good work.

......☆......☆......

دولت کیلئے وظیفہ

WAZIFA FOR WEALTH

بارہا تجربہ کیا گیا ہے کہ ان کلماتِ ذیل کو باوضو قبلہ رو ہو کر وقت کے اندر روزانہ صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سو مرتبہ پڑھنا انسان کو بہت جلد مالدار بنا دیتا ہے۔ یہ بھی لازم ہے کہ ان کلمات کے اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی درود شریف جو یاد ہو پڑھ لینا چاہیئے۔

It has been experienced again and again that these Kalmat can make a man wealthy in a very short time. This practice must be done in the situation of ablution (Ba-Wazoo) and towards the right direction of Kibla and in the right time of Morning Prayer during Sunnat and Farz Nimaz. It is also compulsory to recite any Darood Shareef (whatever you remember) 11 times in the beginning and ending.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

﴿سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہِ﴾

......☆......☆......

کند ذہن بچے کیلئے وظیفہ

WAZIFA FOR WEAK MINDED CHILD

اگر کند ذہن بچے کو یا طالب علم کو سبق یاد نہ ہوتا ہو تو اس آیات مبارکہ کو ﴿۳۱۳﴾ مرتبہ پانی پر دم کر کے روزانہ پلائیں

اول وآخر درود ابراہیمی گیارہ بار پڑھیں۔ ان شاءاللہ عزوجل اس کی برکت سے بچے کا کند ذہنی کا مرض جاتا رہے گا اور جو بھی سبق وہ یاد کرے گا ان شاءاللہ عزوجل اُسے یاد رہے گا۔

If a child's mind is weak and fails to remember his task then recite this Ayat-E-Mubarka 313 times over water and use it daily for drink. Recite Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending. Insha Allah child will improve his mind and whatever task would be given to him he will successfully complete such task.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ۭ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ۝﴾

ترجمہ: ''اور آپ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کو سکھایا جو آپ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ نہ جانتے تھے اور آپ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ پر اللہ عزوجل کا بڑا فضل ہے''۔

﴿پارہ نمبر 5 سورۃ النساء آیت نمبر 113﴾

☆......☆......

دشمن سے چھٹکارے کیلئے وظیفہ

WAZIFA ROR THE SURVIVAL OF ENEMY

اگر کسی شخص کے پیچھے دشمن لگ گیا ہو اور اُسے ہر وقت اس سے خطرہ رہتا ہو کہ جان کا نقصان ہو جائے گا یا مال کا تو اس سے پیچھا چھڑانے کے لئے ذیل کا عمل بے حد مجرب ہے اس مقصد کے لئے نمازِ ظہر کے بعد ایک مرتبہ باوضو ﴿سورۂ یوسف﴾ مکمل پڑھ کر دشمن کو تصور میں لا کر دم کریں اور یہ عمل گیارہ دن تک کریں اور گیارہویں دن ﴿سورۂ یوسف﴾ کو تین بار پڑھیں اور دشمن کا نام لیں کہ وہ دشمنی سے باز آجائے اور وہ مجھے نقصان نہ پہنچا سکے اور وہ میرا پیچھا چھوڑ دے۔ ان شاء اللہ عزوجل دشمن مغلوب ہوگا اور شرارت اور دشمنی سے باز آجائے گا۔

﴿از منقولہ: مولانا شفیق رام پوری رحمۃ اللہ﴾

If a person has fear of his life/ wealth from his enemy or wants to save his wealth from enemy then the following wazifa is so much beneficial. For such purpose recite complete (Surat Yousaf) after Zohar Prayer and think about your

enemy. Keep this practice continue for 11 days and recite (Surat Yousaf) 3 times on last day. Insha Allah he will completely be secured from his enemy.

......☆......☆......

ہزار حاجت کیلئے وظیفہ

WAZIFA FOR 1000 NEEDS/ WANTS(HAJAT)

دو رکعت نماز اس طرح پڑھیں کہ سورۃ فاتحہ کے بعد اوّل رکعت میں سورۃ الکافرون دس مرتبہ اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص دس مرتبہ پڑھیں بعد سلام سجدہ میں جا کر دس بار درود ابراہیمی پڑھیں اور دس مرتبہ تیسرا کلمہ تمجید پڑھیں اور دس مرتبہ یہ دعا پڑھیں اور اپنی حاجت کا ذکر کریں۔

Recite two Rakat Nimaz in first Rakat recite (Surat Al-Kaferoon) 10 times after (Surat Fatiha) and in second Rakat recite (Surat Ikhlas) 10 times after (Surat Fatiha) the go for Salam-E-Sajda and recite Darood-E-Ibrahimi and third kalma ten times. After this recite this Dua 10 times and mention your needs/ wants.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّ فِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِo﴾

﴿پارہ ۲ سورۃ بقرہ آیت نمبر: ۲۰۱﴾

......☆......☆......

تنگی دور کرنے کیلئے وظیفہ

WAZIFA FOR CONTRACTION

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم سے مرفوعاً روایت ہے کہ:

"جو شخص بکثرت استغفار پڑھتا ہے اللہ جل جلالہ اس کو پریشانی سے نجات دیتا ہے۔ ہر فکر سے آزادی دیتا ہے، اور غیر متوقع اسباب سے رزق عطا کرتا ہے"

﴿ابوداؤد، نسائی﴾

Hazrat Ibn-E-Abbas رضی اللہ عنہم said (anecdote) that, whoever person recite Astaghfar plenty of times then Almighty Allah blessed upon him and he becomes free from contractions and gets unexpected sources of income.

......☆......☆......

اولاد کی فرمانبرداری کیلئے

FOR THE COMPLIANCE/ OBEDIENCE OF CHILDREN

اولاد کی فرمانبرداری کیلئے اُن آیات مبارکہ کو روزانہ صبح وشام اکتالیس بار پڑھ کر اولاد کے اوپر دم کریں اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ بار تلاوت کریں۔ ان شاءاللہ عزوجل اس عمل سے اولاد فرمانبردار ہو جائے گی۔

For the obedience/ compliance of children recite these Ayaat-E-Mubarka 41 times in morning and evening over children. Recite Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending. Insha Allah children will become obedient.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿رَبِّ اَوْزِعْنِیْۤ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْۤ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ۚ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَ اِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ۝﴾

ترجمہ: ”اے میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں تیری نعمت کا شکر ادا کروں جو تونے مجھ پر انعام فرمائی اور میرے ماں باپ پر اور یہ کہ میں نیک عمل کروں جسے تو پسند کرے اور میرے لئے میری اولاد میں اصلاح کر دے، بیشک میں نے تیری طرف توبہ کی اور بیشک میں فرمانبرداروں میں سے ہوں“۔

﴿پارہ نمبر 26، سورۃ الاحقاف، آیت نمبر 15﴾

......☆......☆......

ہفت روزہ وظائف

WEEKLY WAZAIF

حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مجھے فتوح و برکت حاصل نہیں ہوئی مگران اوراد سے وہ یہ ہیں کہ:

Hazrat Imam Ghazali رحمۃ اللہ علیہ said that I could not get blessings and success. But because of this practice that is:

☆......جمعۃ المبارک کے دن ایک ہزار بار ﴿یَا اَللّٰہُ﴾ پڑھا جائے۔

Recite ﴿یَا اَللّٰہُ﴾ 1000 times on Friday.

☆......ہفتہ کے دن ایک ہزار بار﴿لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ﴾پڑھا جائے۔

Recite ﴿لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ﴾ 1000 times on Saturday.

☆......اتوار کے دن ایک ہزار بار﴿یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ﴾ پڑھا جائے۔

Recite ﴿یَـا حَـیُّ یَا قَیُّوْمُ﴾ 1000 times on Sunday.

☆......پیر کے دن ایک ہزار بار﴿درود شریف﴾پڑھا جائے۔

Recite (Drood Shareef)1000 times on Monday.

☆......منگل کے دن ایک ہزار بار﴿لَاحَـوْلَ وَلَا قُـوَّ ةَ اِلَّا بِـاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمْ﴾ پڑھا جائے۔

Recite ﴿لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمْ﴾ 1000 times on Tuesday.

☆......بدھ کے دن ایک ہزار بار﴿اَسْتَـغْـفِرُ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ﴾ پڑھا جائے۔

Recite ﴿اَسْتَـغْفِرُ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ﴾ 1000 times on Wednesday.

☆......جمعرات کے دن ایک ہزار بار ﴿سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيمِ وَ بِحَمْدِهٖ﴾ پڑھا جائے۔

Recite ﴿سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيمِ وَ بِحَمْدِهٖ﴾ 1000 times on Thursday.

ان اعمال کو پڑھنے سے ہر قسم کی فتوحات و برکات حاصل ہوں گی۔ مجرب وظائف ہیں۔ اول و آخر درود ابراہیمی کا اہتمام کریں۔

﴿از منقولہ: حجۃ الاسلام امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ﴾

By following aforesaid practice you will get success and blessings. These are useful wazaif recite Darood-E-Ibrahimi in the beginning and ending.

امتحان میں کامیابی کیلئے

FOR THE SUCCESS IN EXAMS

امتحان میں کامیابی اور آسان پرچوں کیلئے اس وظیفہ کو امتحان گاہ میں جانے سے پہلے ﴿۱۰۱﴾ مرتبہ ضرور پڑھ لیں۔ اول و آخر درود ابراہیمی سات بار پڑھیں اور اپنے اوپر دم کر لیں جب تک امتحان جاری رہیں وظیفہ کو جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ عزوجل اچھی پوزیشن آئے گی۔

For the success in exams and for easy papers recite this Wazifa 101 times before going to examination hall. Recite Darood-E-Ibrahimi 7 times in the beginning and ending. Keep this practice continue until your exams. Insha Allah you will get good position.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

﴿فَاِنَّ حَسۡبَكَ اللّٰهُ ؕ هُوَ الَّذِیۡۤ اَیَّدَكَ بِنَصۡرِهٖ وَ بِالۡمُؤۡمِنِیۡنَ ۝﴾

ترجمہ: ''پس بیشک تمہارے لئے اللہ ﷻ کافی ہے، وہ جس نے تمہیں اپنی مدد سے اور مسلمانوں سے زور دیا''۔

﴿پارہ نمبر 10، سورۃ الانفال، آیت نمبر 62﴾

......☆......☆......

کالے جادو کا توڑ

RETALIATION AGAINST BLACK MAGIC

آج کل اکثر گھروں دکانوں پر یہ شکایت عام ہے کہ گھر سے تعویذ نکلتے ہیں بال نکلتے ہیں خون کے چھینٹے پڑتے ہیں گھر میں اتفاق نہیں میاں اور بیوی میں ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا ہے بچوں میں چھوٹی چھوٹی بات پر ناراضگی ہو جاتی ہے بچوں کے

رشتے نہیں آتے اگر آتے ہیں تو بغیر کسی وجہ کے بات بھی نہیں بنتی اولاد نافرمان ہے وغیرہ وغیرہ تو ایسی صورت میں گھر کی عجیب صورت حال ہو جاتی ہے اس پریشانی سے نجات کے لئے ذیل کا یہ عمل بارہا مرتبہ کا آزمودہ ہے۔ ان شاء اللہ عزوجل اس عمل سے ہر قسم کی بندش جادو سحر و آسیب سے مکمل طور پر نجات حاصل ہو گی۔ یہ عمل جمعہ مبارک کے دن نماز فجر کے بعد باوضو ہو کر اکتالیس ﴿۴۱﴾ بار مندرجہ ذیل آیت مبارکہ اور اوّل و آخر درود شریف ﴿۱۱۔۱۱﴾ بار پڑھ کر گھر کے چاروں طرف دم کریں اس وظیفہ کو اکیس ﴿۲۱﴾ دن تک بغیر کسی ناغے کے جاری رکھیں۔ نیز لوح حصار بنوا کر پاس رکھیں۔

﴿روحانی علاج باب جادو کا مستند علاج﴾

Nowadays some of the people have become victim of black magic. Because of this extreme magic several problems occurs. For the survival of this magic this practice is so much useful. By following this practice Insha Allah you will get benefit from each and every problem. This practice must be done on Friday after Fajar Prayer (in ablution "Ba-Wazoo-Halat-Mein) 41 times over all corners of house. Recite Darood-E-

Ibrahimi 11 times in the beginning and ending and keep this wazifa continue for 21 consecutive days. And make LOH-E-HISAR for yourself and keep it all the time.

آیت مبارکہ یہ ہے:

Ayat-E-Mubarka is:

﴿اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّ اَكِيْدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝﴾

﴿پارہ ۳۰ سورۃ الطارق آیت نمبر ۱۵/۱۷﴾

......☆......☆......

جادو اور جنات کا علاج

TREATMENT OF MAGIC AND GHOSTS

جس گھر میں آسیب کا قبضہ ہو یا ویسے ہی شریر جنات آتے رہتے ہوں اور گھر والوں کو تنگ کرتے ہوں پتھر پھینکتے ہوں اور آگ دکھاتے ہوں تو اس کا مفید اور بارہا مرتبہ کا آزمایا ہوا علاج یہ ہے کہ چار عدد کیلیں لے لیں اور ان میں سے ہر ایک کیل پر پچیس مرتبہ ﴿آیت الکرسی﴾ اور تین بار یہ آیت پڑھ کر دم کریں:

If in a house ghosts used to come and throw stones, show fire and create problems for the resident people then this practice has been experienced several times and useful as well. For this take four screws (keel) and recite (Ayat-Ul-Kursi) 25 times and this Ayat 3 times over each screw (Keel)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًاۙ وَّ اَكِيْدُ كَيْدًاۚۖ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا﴾

﴿پارہ ۳۰ سورۃ الطارق آیت نمبر: ۱۵/۱۷﴾

اور متاثرہ مکان یا دکان یا کوئی اور جگہ جس میں اثر ہو وہاں کے چاروں کونوں میں ایک ایک کیل لگا دیں ان شاء اللہ عَزَّوَجَلَّ اس عمل کی برکت سے آسیب و جادو سے مکمل طور پر نجات ہو گی۔ آزمودہ ہے۔

﴿تردید سحر و آسیب﴾

And place each screw (Keel) at every affected place. Insha Allah you will get benefit from this practice. This is useful.

......☆......☆......

انمول وظائف

RARE/ PRICELESS WAZAIF

دافع بلیات، حل مشکلات، رہائی از قید، واپسی مفقود الخبر ترقی عہدہ مصیبت سے نجات، ادائیگی قرض، امتحان میں کامیابی، خوشحالی، کشادگی وفراخی رزق بچوں کی شادی کے لئے اس وظیفہ کو اس طرح کریں کہ نیا چاند نظر آنے پر اس کی اگلی رات بعد نماز عشاء ذیل کی ترکیب سے سات یوم تک عمل مکمل کریں۔

For every tension, freedom, progress, problems, success in exams, prosperity, for the expansion of income and for the marriage of children use this wazifa. The procedure of this wazifa is that, in the next night of new moon after Isha Prayer complete the practice within 7 days.

پہلی رات...... اول وآخر درود ابراہیمی گیارہ مرتبہ اور

First Night: Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending and

﴿الحمد لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ﴾

تین سو تیرہ ﴿۳۱۳﴾ بار پڑھیں۔

Recite 313 times.

دوسری رات......اول وآخر درود ابراہیمی گیارہ مرتبہ اور

Second Night: Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending and

﴿اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾

تین سو تیرہ ﴿۳۱۳﴾ بار پڑھیں۔

Recite 313 times.

تیسری رات......اول وآخر درود ابراہیمی گیارہ مرتبہ اور

Third Night: Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending and

﴿مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ﴾

تین سو تیرہ ﴿۳۱۳﴾ بار پڑھیں۔

Recite 313 times.

چوتھی رات......اول وآخر درود ابراہیمی گیارہ مرتبہ اور

Fourth Night: Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending and

﴿اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ﴾

تین سو تیرہ ﴿۳۱۳﴾ بار پڑھیں۔

Recite 313 times.

پانچویں رات......اول وآخر درود ابراہیمی گیارہ مرتبہ اور

Fifth Night: Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending and

﴿اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ﴾

تین سو تیرہ ﴿۳۱۳﴾ بار پڑھیں۔

Recite 313 times.

چھٹی رات......اول وآخر درود ابراہیمی گیارہ مرتبہ اور

Sixth Night: Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending and

﴿صِرَاطَ الَّذِيۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ﴾

تین سو تیرہ ﴿۳۱۳﴾ بار پڑھیں۔

Recite 313 times.

ساتویں رات......اول وآخر درود ابراہیمی گیارہ مرتبہ اور

Seventh Night: Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending and

﴿غَيۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَيۡهِمۡ وَ لَا الضَّآلِّيۡنَ﴾

تین سو تیرہ ﴿۳۱۳﴾ بار پڑھیں۔

Recite 313 times.

ہر روز وظیفہ کے اختتام پر اپنی حاجت بیان کریں اور دعا نہایت عاجزی اور انکساری سے مانگیں۔

At the end of every wazifa pray for your need/ wish (Hajat) with full of hubleness.

مندرجہ بالا طریقہ سے ایک ہفتہ کی زکوٰۃ مکمل کرنے کے بعد

روزانہ ہر نماز کے بعد ﴿۱۱﴾ مرتبہ ﴿سورۃ فاتحہ﴾ کی تلاوت کر کے دعا مانگتے رہیں۔ اللہ عزوجل نے چاہا تو بہت جلد کامیابی نصیب ہوگی۔ مزید راہنمائی کیلئے مصنف سے رجوع کریں۔

﴿قلمی بیاض حکیم شان احمد صابری رحمۃ اللہ علیہ﴾

After the completion of first week's Zakat recite (Surat Fatiha) 11 times after every Nimaz and then go for pray. If Almighty Allah wants then you will get success shortly. For additional information contact to Arthur:

......☆......☆......

سر درد کے لئے بہترین عمل

BEST PRACTICE FOR HEAD PAIN

اگر کسی کے سر میں درد ہو اور سر درد کی وجہ سے آرام نہ آتا ہو تو سوتی کپڑا لے کر اس کے چھوٹے چھوٹے تین ٹکڑے کریں اور ہر ٹکڑے پر باوضو ﴿سورۃ الفیل﴾ ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ پھر ایک مرتبہ ﴿سورۃ الفیل﴾ پڑھ کر دوسرے ٹکڑے پر دم کریں اس کے بعد ایک مرتبہ سورۃ الفیل پڑھ کر تیسرے ٹکڑے پر دم کریں۔ اب ایک ٹکڑا لے کر اس کو پانی میں ڈالیں اور مریض کو پانی پلائیں اس طرح تین دن عمل کریں ان شاء اللہ عزوجل مریض ...

ہی دن فائدہ محسوس کرے گا اور تین دن کے عمل سے سر کا درد غائب ہو جائے گا۔ یہ عمل اس وقت کریں جب ساری تدبیریں ناکام ہو چکی ہوں۔

If any person feels pain in head and does not get satisfaction then take cotton and divide it into three pieces. Recite (Surat Feel) over each piece of cotton. This must be done in the situation of ablution (Wazoo). Then take first piece and inhale it in the water and give this water to the paitient. Similarly, keep this practice continue for three days Insha Allah patient will feel satisfaction for first day. Perform this practice when all other solutions became unsuccessful. (Suat Feel) is:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ۝ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ ۝ وَّ اَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۝ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ۝ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ۝﴾

﴿پارہ ۳۰ سورۃ فیل﴾

☆......☆......

شرفِ ستارگان کی الواح

Alwah of Sharf-E-Sitargan

اپنے نام یا ستارے کے مطابق لوح بنوا کر کامیاب زندگی بسر کریں!

Prepare wazaif-o-naqsh or loh according to your name or star and spend a successful life.

لوح شرف مشتری

Loh-E-Sharf-E-Mushtari

مالی خوش بختی۔ حصول دولت آمدنی کے مختلف ذرائع کو ترقی دینا انعامی اسکیموں میں فائدہ، مستقبل کی بہتری کیریئر اور ترقی کے استحکام کیلئے لوح مشتری بنوا کر پاس رکھیں۔

Financial gratification – For wealth, progress in different sources of income, profit in voluntary (inami) schemes and progress in career make Loh-E-Mushtri and keep it with you.

لوح شرف زحل

Loh-E-Sharf-E-Zahal

کاموں میں رکاوٹ، جائیداد کے تنازعات پرانے امراض ضدی امراض نحوست جادو و آسیب سے نجات، دشمن سے حفاظت کیلئے بنوا کر پاس رکھیں۔

For obstructions in work, property disputes, old disease and for the survival of magical effects and enemy keep it with you.

لوح شرف سبع ستارگان

Loh-E-Sharf Saba Sitargan

سات ستاروں کی یکجا لوح خیر وبرکت مالی خوش بختی تسخیر خلق مرد اور عورتوں کے پرانے امراض شادی میں تاخیر اور رکاوٹ علمی ترقی۔ تعلیم میں کامیابی، گھریلو پریشانیوں سے نجات اور ہر کام کیلئے لوح سبع ستارگان بنوا کر پاس رکھیں۔

Combination of seven stars loh, prosperity, financial comfort, old problems of men and women, obstructions in marriage, success in exams, safety from domestic tensions and for every other purpose keep loh-e-sharf saba sitargan with you.

لوح رشتہ

Loh-E-Rishta

بچوں کی شادی میں تاخیر، شادی نہ ہوتی ہو یا ہو کر ٹوٹ جاتی ہو نیز بچوں میں پیار و محبت کیلئے اور جلد نیک رشتہ کے اسباب کیلئے لوح صالحہ رشتہ بنوا کر پاس رکھیں۔

Delay in children marriage, if marriage is not settled, In fact to create

love among children and for the purpose of early marriage make loh-e-saliha rishta and keep it with you.

لوح شرف مریخ

Loh-E-Sharf Mareekh

دل کی گھبراہٹ، ڈپریشن مردانہ امراض خواتین کے امراض، خون کی کمی آسیب سے نجات افسران بالا کی توجہ اور رجوع خلق کیلئے لوح مریخ بنوا کر پاس رکھیں۔

Heart purpling, depression, male diseases, female diseases, deficiency in blood, survival from magical effects (aasaib), least concentration of higher authorities for Rajoo-E-Khalq make loh-e-mareekh and keep it with you.

لوح شفاء

Loh-E-Shifa

نظر بد و جادو۔ مرگی اور درد سر اور ڈراؤنے خواب و آسیب و سایہ سے نجات کیلئے اور ہر امراض میں بہتری کیلئے لوح شفاء بنوا کر پاس رکھیں۔

Evil eye or magic, mirgi or head pain, for the survival of horror dreams and for all other dilemmas make loh-e-shifa and keep it with you.

لوح عطارد

Loh-E-Atard

علمی ترقی حافظے میں اضافہ تعلیم میں کامیابی یاداشت اور باغبانی کیلئے اور روحانی علوم اور ٹرانسپورٹ تجارت اور کمیونیکیشن سے منسلک افراد کیلئے بنوا کر پاس رکھیں۔

Progress in education, to enhance the memory, success in exams, prosperity, spiritual knowledge, transport, trade and for communication make loh-e-attard and keep it with you.

رابطہ کے لئے مندرجہ ذیل پتہ پر خط وکتابت اور ٹیلی فون کریں۔

Contact us on the following addresses through letter or call:

سید ذیشان نظامی عفی عنہ

Syed Zeeshan Nizami

نزد انکم ٹیکس آفس سول لائن جہلم ﴿پاکستان﴾

Near Income Tax Office, Nizami House Civil Lines, Jhelum.(Pakistan)

0300-5421086-----0544-623643

ہماری کتابیں، پیاری کتابیں

Design By: 0300-4529821 GULL MUHAMMAD AHSUN

الحمد مارکیٹ اُردو بازار لاہور۔ فون:042-37233585
E-mail: duapublications@yahoo.com

Rs: 200/=